11 نومبر کو ہونے والی ملک گیر ہڑتال کا حصہ بنیں!

پہلے سے کہیں زیادہ کام کرنے کے باوجود ہماری زندگی بدتر ہوتی جا رہی ہے حالانکہ ہمیں ہمیشہ یہ سبق پڑھایا گیا کہ ہم محنت کریں گے تو ہمیں رہنے کے لیے چھت اور معقول اجرت ملے گی۔ یہ مسئلہ صرف کرائے پر رہنے والوں کا نہیں ہے۔ مکان خریدنے کے لیے بینک سے قرض لینا تقریباً ناممکن ہو چکا ہےاور جو لوگ کسی طرح قرض لے بھی لیں وہ ہمیشہ اس خوف میں جیتے ہیں کہ اگر ملازمت چلی گئی تو ان کا گھر بھی چھن جائے گا۔ کرایہ، راشن اور بجلی سمیت ہر چیز مہنگی ہوتی جا رہی ہے جبکہ دوسری طرف ایک مخصوص اقلیت امیر سے امیر تر ہوتی جا رہی ہے۔

ماری کارمین کی گھر سے بے دخلی اور اولگا کی خودکشی کے رونماء ہونے والے حالیہ ہفتوں کے واقعات کے بعدعوام کی سوچ میں ایک واضح تبدیلی دکھائی دے رہی ہے۔ یہ بات سب پر واضح ہو چکی ہے کہ اب میں ایک (Catalonia) راستہ بدلنا ہوگا۔ صرف کاتالونیا لاکھ بیس ہزار سے زائد لوگ "بس، اب اور نہیں" کا نعرہ بلند کرتے ہوئے سڑکوں پر نکل آئے ہیں۔ ہمیں اگلا قدم "ملک گیر ہڑتال "کے لیے اٹھانا ہوگا ۔

سب کچھ جام ہو جانے کی صورت میں حکومتیں، سرمایہ دار اور جاگیردار ہمیں مزید نظر انداز نہیں کر سکیں گے۔ سو سال قبل ہم نے کام کے آٹھ گھنٹے کے اوقات کار کا حق بھی اسی طرح جدوجہد کے ذریعے حاصل کیا تھا۔ نظام میں بدلاؤ کے لیے ہمارا ساتھ دیجیے اور 11 نومبر کو ملک گیر ہڑتال کا حصہ بنیں۔

یہ ہماری زندگیوں کا سوال ہے!

WWW.VAGAGENERAL.ORG